# URDU COURSE: A (CODE: 003)

## SAMPLE QUESTION PAPER (REVISED)*

## CLASS- X (2025-26)

**Time: 3 hours.** **Max. Marks: 80**

---

**ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **چار** حصے ہیں جن میں 18 سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) حصہ **'الف'**۔'عبارت فہمی اور شعر فہمی' کے حوالے سے-20 نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ **'ب'**۔'تحریری مہارت' کے حوالے سے-25 نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ **'ج'**۔'عملی قواعد' کے حوالے سے-20 نمبر کا ہے۔

(v) حصہ **'د'**۔'ادب' کے حوالے سے-15 نمبر کا ہے۔

(vi) **ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔**

### Instructions:

(i) This Question paper contains four Sections and 18 **Questions.**

(ii) Section - **A** 'Reading and Comprehension' carries **20** marks.

(iii) Section - **B** 'Writing Skills' carries **25** marks.

(iv) Section - **C** 'Functional Grammar carries **20** marks.

(v) Section - **D** 'Literature' carries **15** marks.

(vi) **Attempt answer as per the instructions.**

## Section A (حصہ الف)

**سوال نمبر 1۔** مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (5x1=5)

سرسید کہتے تھے کہ "شاہ صاحب اپنی خانقاہ سے کبھی نہیں اُٹھتے تھے اور کسی کے ہاں نہیں جاتے تھے۔ الا ماشاء اللہ۔ صرف میرے والد پر جو غایت درجہ کی شفقت تھی اس لیے کبھی کبھی ہمارے گھر قدم رنجہ فرماتے تھے۔ بسم اللہ ہونے کے بعد سرسید نے قرآن مجید پڑھنا شروع کیا۔ ان کی ننھیال میں قدیم سے کوئی نہ کوئی استانی نوکر رہتی تھی۔ سرسید نے استانی ہی سے جو ایک اشراف گھر کی پردہ نشین بی بی تھی، سارا قرآن ناظرہ پڑھا تھا۔ وہ کہتے تھے "میرا قرآن ختم ہونے پر ہدیے کی مجلس جو زنانہ میں ہوئی تھی وہ اس قدر دلچسپ اور عجیب تھی کہ پھر کسی ایسی مجلس میں وہ کیفیت میں نے نہیں دیکھی"۔ قرآن پڑھنے کے بعد وہ باہر مکتب میں پڑھنے لگے۔ مولوی حمید الدین ایک ذی علم اور بزرگ آدمی ان کے نانا کے ہاں نوکر تھے جنھوں نے ان کے ماموں کو پڑھایا تھا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) بھولا (B) نیا قانون (C) سرسید کا بچپن (D) آزمائش

(ii) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟ (درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) سعادت حسن منٹو (B) الطاف حسین حالی (C) محمد مجیب (D) راجندر سنگھ بیدی

(iii) بسم اللہ کے بعد سرسید نے کیا پڑھنا شروع کیا؟ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) قرآن پڑھنے کے بعد وہ کہاں پڑھنے گئے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

(v) مولوی حمید الدین کون تھے؟ (ایک جملے میں جواب دیجیے)

**سوال نمبر 2۔** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (5x1=5)

جدید ایجادات کے اس دور میں بھاپ کی طاقت کا وہ اصول جو یونانیوں نے معلوم کر لیا تھا اس کو مزید تحقیقات اور تجربہ کے بعد زیادہ مفید اور کار آمد بنایا گیا اور بھاپ کی طاقت سے چلنے والا سب سے بہتر انجن جیمس واٹ نے بنایا۔اس کی طاقت پچھلے انجن سے دس گنا زیادہ تھی۔ 1825ء میں اسٹیفن نے ایک بہت بڑا ریلوے انجن بنایا اور ریل گاڑیاں اس سے چلنے لگیں۔ فرانس میں بھاپ سے چلنے والی کشتیاں بنائی گئیں۔انگلستان میں کارٹ رائٹ نے بھاپ سے چلنے والی کپڑا بننے کی مشین ایجاد کی۔اس کے علاوہ کھیت کاٹنے کی مشین، روئی صاف کرنے کی مشینیں جو بھاپ سے چلتی تھیں، بنائی گئیں۔

(i) ایک بہت بڑا انجن کب بنایا گیا؟(درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) 1925میں (B) 1725میں (C) 1825میں (D) 1852میں

(ii) بھاپ کی طاقت کا اصول سب سے پہلے کس نے معلوم کر لیا تھا؟(درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A) عربوں نے (B) ہندوستانیوں نے (C) امریکیوں نے (D)یونانیوں نے

(iii) بھاپ سے چلنے والی کشتیاں کس ملک میں بنائی گئیں؟(ایک لفظ میں جواب دیجیے)

(iv) بھاپ سے چلنے والی کپڑا بننے کی مشین کس نے ایجاد کی؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) بھاپ سے چلنے والا سب سے بہتر انجن کس نے بنایا؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

**سوال نمبر3۔** مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (5x1=5)

او دیس سے آنے والے بتا کس حال میں ہیں یارانِ وطن

آوارۂ غربت کو بھی سنا کس رنگ میں ہیں کنعانِ وطن

وہ باغِ وطن، فردوسِ وطن وہ سروِ وطن، ریحانِ وطن

او دیس سے آنے والے بتا!

کیا اب بھی وہاں کے باغوں میں مستانہ ہوائیں آتی ہیں؟

کیااب بھی وہاں کے پربت پر گھنگھور گھٹائیں چھاتی ہیں؟

کیااب بھی وہاں کی برکھائیں ویسے ہی دلوں کو بھاتی ہیں؟

او دیس سے آنے والے بتا!

(i)درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟(درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A)جلوۂ دربار دہلی (B) او دیس سے آنے والے بتا (C) گرمی اور دیہاتی بازار (D) حقیقت حسن

(ii) درج بالا اشعار کس شاعر کے ہیں؟(درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے)

(A)مرزا غالب (B)حالی (C)اختر شیرانی (D)جوش ملیح آبادی

(iii)'فردوس' کے معنی کیا ہیں؟ (ایک لفظ میں جواب دیجیے)

(iv)پہلے بند میں شاعر نے وطن کی کن کن چیزوں کو یاد کیا ہے؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v)دوسرے بند میں باغوں اور پربت کا کیا منظر پیش کیا گیا ہے؟(ایک جملے میں لکھیے)

**سوال نمبر4۔** مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (5x1=5)

اے ہمالہ! اے فصیلِ کشورِ ہندوستاں چومتا ہے تیری پیشانی کو جھک کر آسماں

تجھ میں کچھ پیدا نہیں دیرینہ روزی کے نشاں تو جواں ہے گردشِ شام و سحر کے درمیاں

ایک جلوہ تھا کلیم طور سینا کے لیے

تو تجلی ہے سراپا چشمِ بینا کے لیے

امتحان دیدۂ ظاہر میں کوہستاں ہے تو پاسباں اپنا ہے تو، دیوارِ ہندستاں ہے تو

مطلع اول فلک جس کا ہو وہ دیواں ہے تو سوئے خلوت گاہ دل دامن کش انساں ہے تو

برف نے باندھی ہے دستار فضیلت تیرے سر

خندہ زن ہے جو کلاہ مہر عالم تاب پر

(i) مندرجہ بالا اشعار کس صنف شاعری سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A)غزل (B)نظم (C)قطعہ (D)رباعی

(ii)ان اشعار میں شاعر نے کس کی شان و شوکت بیان کی ہے؟

(A)ہمالیہ پہاڑ کی (B)کوہ طور کی (C)شام و سحر کی (D)چشم بینائی کی

(iii) 'پاسباں' کے معنی بتایئے۔(ایک لفظ میں جواب دیجیے)

(iv) دستارِ فضیلت کس نے اور کس کے سر پہ باندھی ہے؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) 'ہمالہ' ظاہر میں 'کوہستاں' نظر آتا ہے۔ لیکن اصل میں کیا ہے؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

## Section B (حصہ ب)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 250 سے 300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (10)

(i)فضائی آلودگی۔

(ii)بے روزگاری۔

(iii)کتاب میلہ۔

**سوال نمبر 6۔** پرنسپل صاحب کے نام عرضی لکھ کر اپنی بہن کی شادی کے سلسلے میں تین دن کی چھٹی کی درخواست کیجئے۔ (1x4=4)

**یا**

اپنے والد کو خط لکھ کر ان سے سالانہ فیس کی رقم بھیجنے کی گزارش کیجئے۔

**سوال نمبر7۔** سبق "نیا قانون" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (1x4=4)

**یا**

محمد مجیب کی زندگی اور ادبی خدمات پر ایک نوٹ لکھیے۔

**سوال نمبر8۔** نظم "جلوۂ دربار دہلی" کا مرکزی خیال لکھیے۔ (1x3=3)

**یا**

شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کی زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

**سوال نمبر9۔** افسانے "فقیر" کا خلاصہ لکھیے۔ (1x4=4)

**یا**

منشی پریم چند کی افسانہ نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

## Section C (حصہ ج)

**سوال نمبر10۔** 'فعل' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (3+1+1=5)

(i) درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے اور زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسم لکھیے۔

(الف) حامد خط لکھ رہا ہے۔

(ب) سلیم کل لکھنؤ جائے گا۔

(ج) رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔

(ii) درج ذیل میں سے 'فعلِ معروف' کی درست مثال پہچانیے۔ (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔)

a) بچے کھیل رہے ہیں۔

b) مسافر گھر پہنچ گئے۔

c) شمیم نے کھانا کھالیا۔

d) وہ اپنی سائیکل واپس لے گئے۔

(iii) وہ فعل جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا مکمل طور پر واضح نہیں ہوتا فعلِ............ کہلاتا ہے۔(خالی جگہ بھرنے کے لیے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے)

a) لازم

b) متعدی

c) ناقص

d) مرکب

**سوال نمبر 11۔** 'صنائع بدائع' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ (3+1+1=5)

(i) درج ذیل شعر کے پہلے مصرعے میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ اس صنعت کا نام اور تعریف لکھیے۔

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی    میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

(ii) کنایہ کسے کہتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

a) کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا

b) بات کا پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ کرنا

c) شعر میں کسی بات کا فرضی سبب بیان کرنا

d) کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنا

(iii)شعر میں متضاد الفاظ استعمال کرنے سے کون سی صنعت بنتی ہے؟

a) تلمیح

b) تجنیس

c) تضاد

d) حسنِ تعلیل

**سوال نمبر12۔** 'محاورے اور کہاوت' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ 3+1+1=5

(i) درج ذیل میں سے تین محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

(الف)نو دو گیارہ ہونا

(ب)خون سفید ہونا

(ج)آستین کا سانپ ہونا

(د)چار چاند لگنا

(ii) 'محاورہ' کس پر ختم ہوتا ہے؟(متبادل جوابوں میں سے درست جواب چُن کر لکھیے)

a) فعل

b) فاعل

c) مفعول

d) اسم

(iii) درج ذیل میں سے کس کے پیچھے کوئی واقعہ یا کہانی ہوتی ہے؟(متبادل جوابوں میں سے درست جواب چُن کر لکھیے)

a) محاورہ

b) کہاوت

c) روزمرہ

**(d** فقرہ

**سوال نمبر13۔** 'رموزِ اوقاف' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ 1+1=2

(i) وہ نشان بنائیے جو کوئی بات پوچھنے کے لیے جملے کے آخر میں لگایا جاتا ہے؟

(ii) افسوس ظاہر کرنے کے لیے جو علامت استعمال کی جاتی ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟ (متبادل جوابوں میں سے درست جواب چُن کر لکھیے)

a) ختمہ

b) سکتہ

c) فجائیہ

**(d** سوالیہ

**سوال نمبر14۔** 'شعری اصطلاحات' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ 2+1=3

**(i)** غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟ عام طور پر اس شعر کو کیسے پہچان سکتے ہیں؟

(ii) اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں انہیں کیا کہتے ہیں؟

(A) مطلع (B) حسنِ مطلع (C) شاہ بیت (D) ردیف

## Section D (حصہ د)

**سوال نمبر15۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ (2x2=4)

(i) دوپہر میں کہانی سننے کے بعد بھولا کے چہرے پر خوشی کیوں نہیں نظر آرہی تھی؟

(ii) استاد منگو کون تھا اور اسے دنیا کی خبریں کس طرح ملا کرتی تھیں؟

(iii) سرسید کو گاؤں میں جاکر رہنا کیوں پسند تھا؟

(iv) سپاہی سلمیٰ اور کشن کنور کی مشکیں کس کر شہر سے باہر کیوں لے جانا چاہتے تھے؟

**سوال نمبر 16**۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ (2x2=4)

(i) شاد عظیم آبادی کی غزل میں "مرغان قفس" سے کیا مراد ہے؟

(ii) اصغر گونڈوی نے آلام روزگار کو اپنے لئے کس طرح آسان بنایا؟

(iii) خدا اور حسن کی بات چیت زمین والوں کو کیسے معلوم ہوئی؟

(iv) میر ببر علی انیس اپنی رباعی میں "خالی ظرف کی صدا" سے کیا سمجھانا چاہتے ہیں؟

**سوال نمبر 17**۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) عظیم بیگ چغتائی کو فقیروں سے کیوں بغض تھا؟

(ii) مصنف نے گلی ڈنڈے کو کھیلوں کا راجہ کیوں کہا ہے؟

(iii) آئی سی ایس بننے کے بعد وحید میں کیا تبدیلی آئی؟

(iv) مصنف نے نور خاں کو 'گدڑی کا لال' کیوں کہا ہے؟

**سوال نمبر 18**۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھئے۔ (1x3=3)

(i) غزل

(ii) افسانہ

(iii) نظم